106495 ـ روزے کی حالت میں جسم سن کرنا اور دانتوں کی صفائی یا کھوڑ بھرنا یا دانت نکالنا

سوال

اگر انسان کو دانت درد ہو اور وہ ڈاکٹر کے پاس جائے تو ڈاکٹر اس کے دانتوں یا کھوڑ کی صفائی کرے یا کوئی دانت نکال د ے تو کیا ایسا کرنا اس کے روزے پر اثرانداز ہوگا یا نہیں، اور اگر ڈاکٹر نے سن کردینے کا انجیکشن لگایا تو کیا اس کا روزے پر اثر پڑیگا؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

" سوال میں جو کچھ ذکر کیا گیا ہے اس کا روزے پرکوئی اثر نہیں، بلکہ یہ معاف ہے، لیکن مریض کو چاہیے کہ وہ خون یا دوائی نگلنے سے اجتناب کرے، اور اسی طرح مذکورہ انجیکشن کا بھی روزے کی صحت پر کوئی اثر نہیں.

کیونکہ یہ کھانے پینے کے معنی میں نہیں، اور اصل میں روزہ صحیح سلامت ہے " انتہی

فضیلۃ الشیخ عبد العزیز بن عبد اللہ بن باز.